جناب اختر راہی ایم۔ اے

تعارف و تبصرۂ کتب

عہد نبوت کے ماہ و سال | مؤلف: علامہ مخدوم محمد ہاشم سندھی۔ مترجم: مولانا محمد یوسف لدھیانوی۔
ناشر: حسین چوہدری ٹرسٹ۔ لاہور۔ تقسیم کار: مکتبہ رشیدیہ ۳۲۔اے شاہ عالم مارکیٹ لاہور۔
طباعت و جلد: عمدہ۔ صفحات: ۳۷۴۔ قیمت: -/۳۰ روپے

علامہ مخدوم محمد ہاشم سندھی (م ۱۱۷۴ھ)، امام شاہ ولی اللہ کے معاصر تھے۔ ان کی عمر کا بیشتر حصہ تعلیم و تدریس، تصنیف و تالیف اور وعظ و ارشاد میں گزرا۔ اُن کی علمی و دینی خدمات کے پیش نظر انہیں خطۂ سندھ کا شاہ ولی اللہ کہا جاسکتا ہے۔

موصوف نے سیرت نبوی پر ایک عمدہ کتاب "بذل القوۃ فی حوادث سنی النبوۃ" کے نام سے لکھی تھی۔ کتاب دو حصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ اوّل میں مکی دور کے واقعات اور حصہ دوم میں مدنی دور کے واقعات سن وار بیان کئے گئے ہیں۔ مؤلف مرحوم نے سیرت کی معتبر و مستند کتابوں سے معلومات یکجا کی ہیں۔ اگر کسی واقعہ کے بیان میں اختلاف پایا جاتا ہے، تو تمام روایات بیان کرکے راجح قول کی نشاندہی کردی ہے۔

سیرت کے موضوع پر اس عمدہ کتاب کو عربی سے اردو میں منتقل کرکے مولانا محمد یوسف لدھیانوی صاحب نے ایک اہم علمی و دینی خدمت انجام دی ہے۔ ترجمہ سلیس اور رواں ہے۔ کتاب پڑھتے ہوئے "ترجمہ پن" کا احساس نہیں ہوتا۔ اتنی عمدہ اور نفیس کتاب کا مطالعہ کرتے ہوئے مؤلف کے حالات کے بارے میں تجسس پیدا ہوتا ہے۔ دوسرے ایڈیشن میں مؤلف علامہ مخدوم محمد ہاشم سندھی کے حالات کا اضافہ کردیا جائے تو بہتر رہے گا۔ اس طرح مؤلف کے مآخذوں کی ایک فہرست تیار کردی جائے تو کتاب کی اہمیت میں مزید اضافہ ہوگا۔

حکیم الامت تھانویؒ ۔ اکابر اور معاصرین کی نظر میں | مؤلف: سید محمود حسن۔ صفحات: ۲۸۰
ناشر: کتب خانہ مظہری ۴۔جی۔ ۲/۱۴ ناظم آباد، کراچی۔ ۱۸ جلد: کارڈ بورڈ، قیمت: دس روپے۔

حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ ماضی قریب کی اُن شخصیات میں سے ہیں، جن کی مساعی جمیلہ نے